## ناظم آباد میں مسلح دہشت گردوں نے ایم کیوایم پاک کالونی سیکٹر کمیٹی کے رکن احمد حسین اور کارکن محمد فرحان کوشہید کردیا واقع کی اطلاع ملتے ہی ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی، حق پرست صوبائی وزیر ایم کیوایم کے علاقائی ذمہ داران اور کارکنان موقع واردات اور عباسی شہید اسپتال پہنچ گئے

## احمد حسین اور محمد فرحان کی ٹارگٹ کلنگ کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی

کراچی ۔۔۔29، اکتوبر 2008ء

ناظم آباد کے علاقے بڑابورڈ کے قریب مسلح دہشت گردوں نے فائرنگ کرکے ایم کیوایم پاک کالونی سیکٹر کمیٹی کے رکن احمد حسین اور ایم کیوایم پاک کالونی سیکٹر یونٹ 187 کے کارکن محمد فرحان کوشہید کردیا۔انا اللہ وانا الیہ راجعون۔تفصیلات کے مطابق ایم کیوایم پاک کالونی سیکٹر کمیٹی کے رکن احمد حسین بدھ کی شب یونٹ 187 کے کارکن محمد فرحان کے ہمراہ موٹر سائیکل پر اپنے گھر جارہے تھے کہ بڑابورڈ پر واقع سرسید کالج کے قریب مین روڈ پر موٹر سائیکل سوار مسلح دہشت گردوں نے انہیں ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنایا اور ان پر فائرنگ کردی۔ مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے احمد حسین اور محمد فرحان شدید زخمی ہوگئے اور زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے شہید ہوگئے۔

واقع کی اطلاع ملتے ہی ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب بخاری ایڈوکیٹ، شکیل عمر، شاہد لطیف، حق پرست صوبائی وزیر عبدالحسیب، ایم کیوایم کے علاقائی ذمہ داران اور کارکنان موقع واردات اور عباسی شہید اسپتال پہنچے اور انہوں نے شدت غم سے نڈھال کارکنان کو صبر وتحمل سے کام لینے کی تلقین کی۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیوایم پاک کالونی سیکٹر کمیٹی کے رکن احمد حسین اور یونٹ 187 کے کارکن محمد فرحان کی ٹارگٹ کلنگ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور ایم کیوایم کے کارکنان کے قتل کی مسلسل واردات کو کراچی کا امن خراب کرنے کی گھناؤنی سازشوں کا حصہ قرار دیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایک جانب ایم کیوایم کے کارکنان شہر میں امن وامان کے قیام اور بلوچستان میں زلزلہ سے متاثرہ خاندانوں کی امداد میں مصروف ہیں جبکہ دوسری جانب امن دشمن عناصر ایم کیوایم کے کارکنان کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بناکر کراچی میں امن وامان کی صورتحال کو خراب کرنے کی کوشش کررہے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں احمد حسین اور محمد فرحان کی ٹارگٹ کلنگ کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے، قتل کی واردات میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کیا جائے اور شہر میں امن وامان کی صورتحال بگاڑنے کی سازش کرنے والے عناصر اور ان کے سرپرستوں کو عبرتناک سزادی جائے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان سے اپیل کی کہ وہ مسلح دہشت گردوں کی گھناؤنی اور اشتعال انگیز کارروائیوں پر ہرگز مشتعل نہ ہوں اور پرامن رہ کر کراچی کا امن تباہ کرنے کی سازش کو ناکام بنادیں۔رابطہ کمیٹی نے مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونے والے احمد حسین اور محمد فرحان کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا بھی اظہار کیا۔

☆☆☆☆☆

# مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیو ایم پاک کالونی سیکٹر کمیٹی کے رکن احمد حسین اور کارکن محمد فرحان کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔29، اکتوبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ناظم آباد کے علاقے میں مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیو ایم پاک کالونی سیکٹر کمیٹی کے رکن احمد حسین اور یونٹ 187 کے کارکن محمد فرحان کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شہداء کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ جناب الطاف حسین نے سوگوار لواحقین کو دلاسہ دیتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆